| 1۔نومبر | سال اول عام ایام کا اکتیسواں اتوار | اتوار |
|---|---|---|



**تمام مقدسین کی عید** | **رنگ سفید**

مکاشفہ 7:2۔4،9۔14 — زبور 23

1۔یوحنا 3:1۔3 — متی 5:1۔12

**مرکزی آیت: ''مبارک ہیں وہ جو حلیم ہیں'' متی 5:5**

اور ہم بھی حلیمی کو عمل میں لاتے ہیں۔ اپنے آپ کو چھوٹا سمجھتے ہیں۔ ہم خدا باپ کے حضور چھوٹے ہیں، جیسے کہ ضرورت مند بچے۔ آئیں! ہم سب کے سامنے اسی طرح رہیں اور یہ دیکھ کر یسوع خوش ہوگا کیونکہ اس کا کلام رائیگاں نہ جائیگا۔ ہمارے پاس ان مقدسین کی زندگیوں میں فروتنی اور عاجزی کا ایک مسلسل نمونہ موجود ہے، جو آج اپنی موجودگی سے ہمیں خوشی بخشتے ہیں۔

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

## مرحوم ایمانداروں کی عید

رنگ جامنی

**پہلی پاک ماس:** ایوب 19:1، 23۔27 زبور 26 رومیوں 5:5۔11 یوحنا 6:37۔40

**دوسری پاک ماس:** اشعیا 25:6، 7۔9 زبور 24 رومیوں 8:14۔23 متی 25:31۔46

**تیسری پاک ماس:** حکمت 3:1۔9 زبور 41 مکاشفہ 21:1۔5، 6۔7 متی 5:1۔12

**مرکزی آیت:** ''میرے باپ کے برکت یافتہ لوگو آؤ۔'' متی 25:34

آج ہر شخص انتظار کر رہا ہے کہ یسوع ہمارے مرحوم عزیزوں سے یہ شاندار کلام فرمائے کہ ''میرے باپ کے برکت یافتہ لوگو آؤ!'' اسی لئے آج ہم پاک ماس میں شریک ہوتے اور مرحوم ایمانداروں کی قبروں پر دعا کے لئے جاتے ہیں۔ہم یہ دعا بڑے بھروسے کے ساتھ کرتے ہیں۔ کیونکہ ہماری دعا، یسوع کی کلیسیا کی دعا ہے، جو باپ کے رحیم دل پر اثر کرتی ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| 3۔نومبر | سال دوئم عام ایام | منگل |
|---|---|---|




## پورس کا مقدس مارٹن

رنگ سبز / سفید

فیلپیوں 2:5۔11


زبور 21

لوقا 14:15۔24

**مرکزی آیت: ''اس نے اپنے آپ کو فروتن کیا اور فرمانبردار بنا۔'' فیلپیوں 2:8**

انسانوں کی نظر میں یسوع نے اپنے آپ کو فروتن کیا۔ لیکن اس کے دل میں اور باپ کی نظر میں اس کی فرمانبرداری اور ہمارے لئے جان دینے کی رضامندی اُسکی محبت تھی۔ گویا صلیبی موت یسوع کی فروتنی تھی، نہ کہ اس کی اہانت اور تذلیل۔ اے یسوع ہم تیرا شکر کرتے ہیں کیونکہ تیری محبت اور فروتنی بھرپور ہیں۔ کیونکہ تو ہی واحد خدا ہے۔ تو ہی خداوند ہے۔ باپ کا جلال، اسکی اور میری خوشی تو ہی ہے۔

..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................



## مقدس چارلس برومیو، اسقف

رنگ سفید

فیلپیوں2:12۔18

زبور26

لوقا14:25۔33

**مرکزی آیت:''اور زندگی کا کلام پیش کرتے ہو۔''فیلپیوں2:16**

سب کچھ بڑ بڑائے بغیر کرو۔حتیٰ کہ زندگی کے کلام کو اکثر سنو۔اگر خدا کا کلام ہمارے دل و دماغ میں پختگی سے قائم ہوگا،تو ہم نہ صرف فروتن، بلکہ اس خدا کے سچے فرزند ہونگے ، جو محبت ہے ۔ہم اپنی زندگی باپ کے کلام کے مطابق اسی طرح گزاریں گے،جس طرح یسوع نے گزاری۔ پولوس رسول کی یہ نصیحت نہ صرف میرے اور آپ کے لئے ہے بلکہ تمام مسیحیوں کے لئے ہے۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

فیلپیوں3:3۔8

زبور104

رنگ سبز

لوقا15:1۔10

## مرکزی آیت: ''میں نے اپنی کھوئی ہوئی بھیڑ کو پالیا۔''لوقا15۔6

یسوع تمام مقدسین اور راست دلوں کے ساتھ خوش ہوتا ہے۔ جب کوئی شخص، غلط راہوں پر چل کر یسوع سے دور ہو جائے، مگر توبہ کر کے واپس آئے اور اپنے آپ کو یسوع کی محبت کے حوالے کر کے اس کی محبت پائے۔ تو یسوع بہت خوش ہوتا ہے۔ میں بھی اس خوشی میں شریک ہونا چاہتا ہوں۔ تا کہ یسوع میرا ہاتھ بھی تھام لے۔

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

فیلپیوں 17:3۔1:4 | زبور 121 | رنگ سبز

لوقا 16:1۔8

**مرکزی آیت: ''ہمارا وطن آسمان پر ہے۔'' فیلپیوں 20:3**

ہماری ''شہریت'' باپ کے دل میں ہے۔ہم پہلے ہی وہاں سکونت پذیر ہیں۔ وہاں ہمیں لامحدود، ابدی رہائش کا پروانہ حاصل ہے۔ یہ وہ دائمی رہائش گاہ ہے جو یسوع نے ہمارے لئے خود تیار کی ہے۔مگر اس شہریت کے خوبصورت حق کے ساتھ ایک فرض بھی وابستہ ہے: یعنی اپنے آپ کو باپ کی مانند رحم کرنے والی محبت بنانا۔ہم اس فرض کو بجالاتے ہیں۔تاہم یسوع کی روح کی رہنمائی میں یہی ہمارا راستہ ہے۔ جب تک ہم ''پردیس'' کی راہوں پر چل رہیں ہیں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

فلپیوں 4:10۔19 زبور 111

رنگ سبز

لوقا 16:9۔15

**مرکزی آیت: ''جو مجھے مضبوط بناتا ہے، میں اس میں سب کچھ کرسکتا ہوں۔'' فلپیوں 4:13**

مقدس پولوس ہمیں حوصلے اور امید کی ایک خوبصورت مثال دیتے ہیں، اور ساتھ ہی فروتنی اور اپنی جماعتوں سے محبت کی بھی۔ اگرچہ وہ خداوند کی مدد سے ہر مشکل پر قابو پانے کا پختہ یقین رکھتے ہیں، پھر بھی وہ فلپی کی مسیحی جماعت سے اپنی ضروریات کے لئے مالی مدد قبول کرتے ہیں۔ یہ جانتے اور انہیں یقین دلاتے ہوئے کہ خدا انہیں اس کا اجر دے گا۔

..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................

حکمت 6:12۔16 | زبور 62 | رنگ سبز

1۔طیطس 4:13۔18 | متی 25:1۔13

**مرکزی آیت: ''دیکھو، دولہا آ گیا۔'' متی 25:6**

یہ ہے ''وہ عظیم لمحہ'' جس کا طویل عرصے سے انتظار تھا، جس کی شدید خواہش تھی اور جس کی امید تقریباً ختم ہو چکی تھی۔ مگر یسوع آتا ہے کیونکہ وہ وفادار ہے۔ چاہے میں نیم خوابیدہ ہی سہی، خوش قسمتی سے میں نے اس کے وعدے کے مطابق پورے یقین اور محبت کے ساتھ اس کے کلام کو سنبھالے رکھا۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



## لاطیران باسیلیقا کی تقدیس

رنگ سفید

حزقیال 47:1۔2،8۔9،12 یا 1۔قرنتیوں 3:9۔11،16۔17


زبور 45

یوحنا 2:13۔22

**مرکزی آیت: ''اور میں تین دن میں اسے کھڑا کر دوں گا۔'' یوحنا 2:19**

اس آیت میں یسوع اپنے اس بدن کی ہیکل کی بات کر رہا ہے۔ جسے اس نے انسانوں سے اپنی محبت کی خاطر قربان کر دیا۔ اس نے ہم سب کو نجات دینے کے لئے اپنی جان دی۔ تاہم تین دن کے بعد اسے نئی زندگی ملی۔ اے یسوع تیرا شکر ہو کہ تو مجھے بھی اپنے وعدہ کے مطابق اس پختہ امید کے ساتھ اپنی محبت میں مرنے کا حوصلہ دیتا ہے کہ تو مجھے اپنے ساتھ ہمیشہ کی زندگی عطا کرے گا۔

| 10۔نومبر | سال دوئم عام ایام | منگل |
|---|---|---|



## مقدس لیو پاپائے اعظم

رنگ سبز یا سفید

طیطس 1:2۔8،11۔14

زبور 36

لوقا 7:17۔10

**مرکزی آیت: ''جس نے اپنے آپ کو ہمارے بدلہ میں دیا۔'' طیطس 14:2**

اس آیت میں پولوس رسول ہمیں یسوع کی مثال پر غور کرنے کی دعوت دیتے ہیں۔ یسوع حالانکہ خود خدا تھا، پھر بھی اس نے مریم اور یوسف کے غریب خاندان میں مجسم ہو کر انسان بننا قبول کیا۔ اس گھرانے میں اپنی نشو ونما کے دوران اس نے ہمیں عملی طور پر دکھایا کہ اپنی زندگی خدا کو وقف کرنے کا مطلب کیا ہے۔ اس نے اس عمل کا مظاہرہ اپنی روزمرہ محنت، عاجزی اور پاکدامنی نیز اپنے خلاف ہونے والی ہر بات کا جواب نرمی اور معاف کر دینے کے ساتھ دیا۔ یہاں تک کہ گناہگاروں کے لئے اپنی جان تک قربان کر دی۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



## مقدس مارٹن دی ٹورس

رنگ سفید

طیطس 3:1۔7

زبور 22

لوقا 17:11۔19

**مرکزی آیت: ''تیرے ایمان نے تجھے بچایا۔'' لوقا 17:19**

یسوع کے پاس آنے والے وہ تمام دس کوڑھی شفا پا چکے تھے۔لیکن یسوع صرف ایک کوڑھی کو یہ کلمات کہہ سکا کہ جا تیرے ایمان نے تجھے اچھا کیا۔ کیونکہ وہ واحد کوڑھی تھا جو شفا کے بعد یسوع کا شکریہ ادا کرنے واپس آیا۔ یسوع کے مطابق اس کے ایمان نے اسے بچایا تھا۔اس نے نہ صرف شفا پائی تھی بلکہ یسوع سے ملنے اور اس کو جاننے کی خوشی بھی حاصل کی تھی۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................



## مقدس جوزافت، اسقف شہید

رنگ سرخ

فیلمون 1:7۔20

زبور 145

لوقا 17:20۔25

**مرکزی آیت: ''تیری محبت میرے لئے خوشی کا باعث ہے۔'' فیلمون 1:7 آیت**

مقدس پولوس اپنے دوست فیلمون کی اس محبت پر خوشی کا اظہار کرنے کے لئے لکھتے ہیں، جس کا مظاہرہ فیلمون اپنے مومنین کے لئے کرتے ہیں۔اور عاجزی کے ساتھ فیلمون سے محبت کا ایک اور عمل مانگتے ہیں۔آج جب ہم اپنے پیرشوں یا جماعتوں میں خدا کے جلال کے لئے محبت کو عمل میں دیکھتے ہیں، تو ہم بھی پولوس کی خوشی میں شریک ہوتے ہیں۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................



## مقدس فرانسس زیویئر

رنگ سفید

2۔یوحنا1:3۔9

زبور118

لوقا17:26۔37

**مرکزی آیت:''جو تعلیم میں قائم رہتا ہے،اس کے پاس باپ بھی ہے۔''2۔یوحنا9**

کتنی حیرت کی بات ہے کہ رسولوں کی تعلیم ہم تک محفوظ ،جوں کی توں پہنچی ہے۔ صدیوں تک مقدسین کے تجربات اور محنت طلب الہیاتی مطالعوں نے نہ صرف مسیحی تعلیم کی وضاحتیں کیں بلکہ انہیں گہرائی بھی عطا کی۔تاہم یہ تعلیم کسی تبدیلی کے بغیر اپنی اصلی حالت میں قائم رہی۔جوکوئی اسے خوش آمدید کہتے ہوئے سادگی سے قبول کرتا ہے،وہ زندہ خدا،باپ، بیٹے اورروح القدس کامسکن بن جاتا ہے۔

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

3۔یوحنا5۔8

زبور111

رنگ سبز

لوقا18:1۔8

**مرکزی آیت:"کیا ابنِ آدم زمین پر ایمان پائے گا۔"لوقا18:8**

یسوع ہمیں اپنے دل کو اس کے باپ کیطرف رکھنے کی مسلسل تلقین کرتے ہیں، جو ہمیں پیار کرنے میں وفادار ہے۔اس طرح، خدا کی محبت کو دیکھ کر، ہم آخر تک اس پر ایمان میں قائم رہیں گے۔ جب ہم مقدس پیو آف پیٹر یلچینا کے یہ الفاظ یاد کرتے ہیں کہ "مجھے اپنا ایمان کھونے کا خوف ہے۔" تو ہمیں لگتا ہے کہ وہ بھی ہمیں خداوند میں ایمان کو پروان چڑھانے کی ہمت دیتے ہیں۔ کیونکہ ایمان وہ تحفہ ہے جو ہمیں باپ اور بیٹے کے ساتھ متحد رکھتا اور ہمیں محبت بانٹنے کی خواہش دیتا ہے۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................




**مقدس البرٹ اعظم دی گریٹ** | **رنگ سبز**

امثال 31:10۔13؛19۔20؛30۔31 زبور 127

1۔تسالونیکیوں 5:1۔6 متی 25:14۔30

**مرکزی آیت: ''اپنے مالک کی خوشی میں شریک ہو۔'' متی 25:21**

یسوع قنطاروں کی تمثیل کے ذریعے ہمیں آخری حساب کتاب کے لئے تیار کرنا چاہتے ہیں۔اس تمثیل کے مطابق مالک اپنے ایک نوکر کو پانچ قنطار سونپتا ہے۔وہ انہیں تجارت میں لگا کر مزید پانچ کماتا ہے۔یعنی وہ نوکر اپنے مالک کے لئے'' چھوٹی چھوٹی'' مادی چیزوں کے ساتھ کام کرتا ہے،جنہیں یسوع ہمیشہ کم قدر سمجھتا ہے۔لہذا اس حوالے سے یسوع اپنی کلیسیا کو رسالتوں اور شراکت کی ''بہت'' ساری نعمتوں سے مالا مال کرتا ہے۔

.........................................................

.........................................................

.........................................................

.........................................................

.........................................................

.........................................................

.........................................................

.........................................................

.........................................................



**مارگریٹ آف سکاٹ لینڈ، مقدسہ گرٹروڈ کنواری** | **رنگ سفید یا سبز**

**مکاشفہ 1:1۔5؛ 2:1۔5** **زبور 1**

**لوقا 18:35۔43**

**مرکزی آیت: ''اس کی طرف سے سلامتی جو ہے، جو تھا، اور جو آنے والا ہے۔'' مکاشفہ 1:4**

یوحنا رسول نے کلیسیا تک پہنچانے کے لئے اپنی دعا میں الٰہی بھید پائے۔ یہ بھید یسوع کی ''رحمت اور سلامتی'' کی برکت سے شروع ہوتے ہیں۔ اور اس کے بعد مختلف مقامی کلیسیاؤں کے لئے تعریف، سفارشات اور ان مطلوبہ اصلاحات کے ساتھ آگے بڑھتے ہیں۔ جو ہماری ڈایوسیسز اور پیرشوں کے لئے بھی مفید ہیں۔ اور جن کو میں بھی اپنے ذہن میں رکھوں گا۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................




## ہنگری کی مقدسہ الیصبات

**رنگ سفید یا سبز**

**مکاشفہ 3:1۔6، 14۔22**

**زبور 14**

**لوقا 19:1۔10**

## مرکزی آیت: ''آج، نجات اس گھر میں آئی ہے۔'' لوقا 19:9

یسوع یریحو میں ہیں۔ زکائی، جو ٹیکس وصولی کا سردار تھا، یسوع کو دیکھنا چاہتا تھا۔ وہ قد میں چھوٹا تھا۔ اس لئے وہ سڑک کنارے گولر کے ایک درخت پر چڑھ گیا تا کہ یسوع جب وہاں سے گزرے تو اسے دیکھ سکے۔ یہ عمل زکائی کے سرکاری مرتبے کے لحاظ سے مشکل اور شرمندگی کا باعث تھا۔ مگر جب یسوع نے اسے دیکھا تو اس کا نام پکار کر کہا کہ وہ آج ہی اس کے گھر اُترے گا۔ اس دن یسوع جب زکائی کے گھر میں داخل ہوا تو گویا اس کے ساتھ ہی خدا کی نجات بھی زکائی کے گھر آ گئی۔

..........................................................

..........................................................


..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................




## مقدس پطرس اور پولوس رسول کے گرجہ گھر کی تقدیس

رنگ سفید یا سبز

مکاشفہ 4:1۔11 زبور 150 لوقا 19:11۔28

یا

1۔ملوک 8:22۔23 1۔پطرس 2:4۔9 زبور 83 لوقا 19:1۔10

### مرکزی آیت: "قدوس، قدوس، قدوس۔" مکاشفہ 4:8

یوحنا رسول نے یہ کلمات اپنی ایک آسمانی رویا میں سنے تھے۔ہم پاک یوخرست کی ہر قربانی ماس میں ان الفاظ کو دہراتے ہیں۔ یہ الفاظ ہماری آخری منزل، (یعنی جنت) کی تیاری میں مدد دیتے ہیں۔ یہ الفاظ وہ گیت ہے جو مومنین کی کلیسیاؤں کو خوبصورت، مقدس، پُرفضل اور باوقار جگہیں بناتا ہے۔جیسے روم میں سینٹ پیٹر اور سینٹ پال کا عظیم الشان بیسیلکا!

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

مکاشفہ 5:1۔10
زبور 149
رنگ سبز
لوقا 19:41۔44

**مرکزی آیت: ''یہوداہ کا شیر غالب آیا۔'' مکاشفہ 5:5**

اے یہوداہ کے شیر، تو نے اپنی محبت کی طاقت سے فتح حاصل کی ہے۔ تو برّہ بن گیا۔ تو قربان ہوا اور اپنے خون سے خدا کے لئے ہر قبیلے، زبان، قوم اور ملت کے لوگوں کو نجات بخشی۔ اے مسیح یسوع، ہمارا سارا اعتماد، سننا، تیرا استقبال اور پرستش کرنا تیرے لئے ہی ہے۔ ہماری امید، تسلی اور امن کا حقیقی راستہ تو ہے۔ ہم تیرے جلال کے گیت گاتے ہیں۔

.........................................................................
.........................................................................
.........................................................................
.........................................................................
.........................................................................
.........................................................................
.........................................................................
.........................................................................
.........................................................................
.........................................................................
.........................................................................

مکاشفہ 8:10۔11 زبور 118

رنگ سبز

لوقا 45:19۔48

**مرکزی آیت: ''میرا گھر دعا کا گھر ہوگا۔'' مکاشفہ 46:19**

اے یسوع! آج، تو یہ بات میرے لئے بھی دہراتا ہے۔ یسوع تو چاہتا ہے کہ میرا دل تیرا گھر ہو، دعا کی جگہ ہو، باپ کے ساتھ تیری شراکت کے لئے مسلسل آرزو کا مقام ہو۔ اس لئے اے روح القدس، میں اپنے دل سے فضول چیزیں باہر نکال دوں گا۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................



## مقدسہ مریم کا ہیکل میں نذر کیا جانا

رنگ سفید

مکاشفہ 11:4۔12

زبور 143

لوقا 20:27۔40

**مرکزی آیت:"نہ وہ بیاہ کرتے ہیں اور نہ ہی بیاہے جاتے ہیں۔"لوقا 20:35**

یسوع ہمیں جنت میں جھانکنے کا موقع دیتے ہیں۔ مگر اسے ایک عظیم راز ہی چھوڑ دیتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں، وہاں ہم نئے تعلقات، نئی خوشی، حقیقی بھرپوری کا تجربہ کریں گے۔ وہاں ہم سب دوبارہ ملیں گے، اور اس محبت سے بھرپور ہوں گے، جس کا ہم سے پہلے ہی وعدہ کیا گیا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| 22۔نومبر | سالِ اوّل چونتیسواں اتوار | اتوار |
|---|---|---|



| یسوع بادشاہ کی عید | رنگ سفید |
|---|---|

حزقیال34:11۔12،15۔17 زبور22

1۔قرنتیوں15:20۔26،28 متی25:31۔46

**مرکزی آیت: ’’میں مسافر تھا، اور تم نے مجھے اپنے ہاں جگہ دی۔‘‘ متی25:35**

کائنات کے بادشاہ کے طور پر یسوع دنیا کے آخر میں اپنے جلال کے ساتھ واپس آئے گا اور ہر انسان کا حساب کرے گا۔ جو لوگ اس کا استقبال اور خدمت کریں گے، ہمیشہ اس کے ساتھ ہونگے۔ درحقیقت وہ ہر اس شخص کے ساتھ اپنی پہچان رکھتا ہے، جو مصیبت زدہ ہے۔ کیونکہ تمام دنیا کی تکلیفوں کا بیج گناہ نے بویا ہے۔ اس لئے یسوع نے ہی ساری دنیا کے گناہوں کو اپنے سر لے لیا۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................


..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



## پوپ کلیمنٹ ، پاپائے اعظم ،شہید اور مقدس کولمبان، صدر راہب

رنگ
سبز یا سرخ

زبور 23

مکاشفہ 14:1۔3،4۔5

لوقا 21:1۔4

## مرکزی آیت: ''دیکھو! برّہ کھڑا ہے۔'' مکاشفہ 14:1

یوحنا رسول نے دعا کے دوران ایک رویائے میں خدا کے برّے کو کھڑا دیکھا جو ان لوگوں کے ساتھ ہے جو اس کے وفادار رہے ۔لہذا برّے نے انہیں بچایا اور ان کی رہنمائی کی ہم بھی انہی لوگوں میں شامل ہوں گے۔

| منگل | سال دوئم عام ایام | 24۔نومبر |
|---|---|---|



| رنگ سبز یا سفید | مقدس اندریاس ڈنگ لیک اُور ساتھی شہید |
|---|---|

زبور95

مکاشفہ 14:14۔19

لوقا22:1،5۔11

**مرکزی آیت: ''خبردار! دھوکا نہ کھانا۔'' لوقا21:8**

اے یسوع ! میں تیری اطاعت کیسے کروں؟ میں بہت لا پرواہ ہوں، بہت غیر محتاط۔ میں تیرے چرواہوں کے ساتھ، تیرے بھائیوں کے ساتھ جُڑا رہوں گا۔ میں ان پر اپنی آنکھوں سے زیادہ بھروسہ کروں گا۔ اے یسوع! مجھے عاجز دیکھ کر، تو مجھے کھوئے گا نہیں۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................



## مقدسہ کیتھرین آف الیگزنڈریا، کنواری شہید

رنگ سبز یا سرخ

**مکاشفہ 15:1۔4**

**زبور 97**

**لوقا 21:12۔19**

**مرکزی آیت: ''اے خداوند! تیرے کام عظیم اور عجیب ہیں۔'' مکاشفہ 15:3**

یہ آسمان میں مقدسین کا گیت ہے۔ میرے پاس یسوع میں ایک پختہ امید ہے کہ ایک دن میں بھی اس گیت میں شریک ہوسکوں گا۔ اور اب، میں اپنی زندگی میں تعریف، عاجزی اور خوشی بھرے شکرانے کے لئے جگہ چھوڑنے کی کوشش کروں گا۔

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................



| رنگ سبز | مقدس جیمس البریونے |
| --- | --- |

زبور99

مکاشفہ 18:1۔2، 21۔23؛ 19:1۔3، 9

لوقا21:20۔28

**مرکزی آیت: ''مبارک ہیں وہ جو برّہ کی شادی کی ضیافت میں بلائے گئے ہیں۔'' مکاشفہ 9:19**

اے یسوع! ہم واقعی مبارک ہیں۔ کیونکہ تو نے اپنے خون کے تحفے سے ہر ایک کے لئے اپنی شادی کی ضیافت اور اپنی محبت کے ابدی جشن میں ہمارے لئے جگہ حاصل کی ہے۔ ایسی شاندار اور عظیم حقیقت کے سامنے، میں خود کو بہت چھوٹا محسوس کرتا ہوں۔ میں صرف تیری مقدس کلیسیا میں ہی تجھ سے جُڑا رہ سکتا ہوں۔ تاکہ اے میرے اچھے چرواہے، میں روز بروز اپنے آپ کو تیرے کندھوں پر اٹھائے جانے کے قابل بنا سکوں۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

مکاشفہ 20:1۔4،11؛2:21 زبور 83

رنگ سبز

لوقا 21:29-33

**مرکزی آیت: ''میرے الفاظ ہرگز نہیں ٹلیں گے۔'' لوقا 21:33**

میں جب دنیا کو اتنا درہم برہم دیکھتا ہوں تو خود کو دشمن کے واقعات کے رحم و کرم پر محسوس کرتا ہوں تو مجھے خوف آتا ہے۔ اس وقت اے یسوع میں تیری طرف دیکھتا ہوں اور تیری سنتا ہوں۔ اے یسوع! تیرے الفاظ مجھے یقین دلاتے ہیں کہ میں کسی بھی حالت میں، تیرے ہاتھوں میں ہوں۔ تو آسمان و زمین کا مالک ہے۔ تو ہی دنیا کا حرفِ آخر ہے، جو میری حفاظت اور رہنمائی کرتا اور مجھے امید دیتا ہے اور مجھے تیری مکمل اور لامحدود شراکت سے روشناس کراتا ہے۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

مکاشفہ 22:1۔7 | زبور 94 | رنگ سبز

لوقا 21:34۔36

**مرکزی آیت: ’’شہر میں خدا کا تخت ہوگا۔‘‘ مکاشفہ 22:3**

یہ نیا یروشلم ہے۔ جو زمینی نہیں، بلکہ آسمان سے، خدا کی طرف سے نیچے آتا ہے۔ جیسا کہ حزقیال نے پیشنگوئی کی تھی۔ شہر کے چوراہے پر ایک ندی بہتی ہے اور اس میں ایک درخت ہے جو ہر مہینے پھل دیتا ہے اور جس کے پتے دوا کے طور پر کام آتے ہیں۔ زندگی اور شفا اس شہر میں ہیں، جہاں خدا کا تخت اور برّہ موجود ہے۔ یہ شہر کلیسیا ہے۔ جہاں ہمیں باطنی زندگی اور تقدس ملتا ہے۔ اور جہاں ہم دوسرے مومنین کے ساتھ خدا اور برّے کی عبادت میں شریک ہوتے ہو۔

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

| 29۔نومبر | سالِ دوئم آمد کا پہلا اتوار | اتوار |
|---|---|---|

اشعیا63:16۔17،19؛64:2۔7 زبور79

رنگ جامنی

1۔قرنتیوں1:3۔9 مرقس13:33۔37

## مرکزی آیت: ”جاگتے رہو۔“ مرقس13:37

آج ہم آمد کے دنوں میں داخل ہو رہے ہیں۔ یہ ایک ایسا مقدس وقت ہے جو یسوع کے انتظار کی مشق کے لئے وقف ہے۔ جاگو! ان لمبی شاموں میں خود کو جگائے رکھنے کی جسمانی تھکاوٹ، دنیا کی تاریکی میں نہ سونے کی روحانی تھکاوٹ کے ساتھ اچھی طرح میل کھاتی ہے۔ آئیں! ہم جاگتے رہیں، خود کو جاگتا رکھیں۔ ہم ہمیشہ یسوع کے انتظار میں ہیں۔ اس سے ملاقات ہماری زندگی کا مقصد اور ہماری تمام محنت کا حاصل ہے۔ اے خداوند یسوع مسیح آ!

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................


..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................




## مقدس اندریاس، رسول کی عید

رنگ سرخ

رومیوں 10:9۔18

زبور 18

متی 4:18۔22

## مرکزی آیت: ''یسوع نے دو بھائیوں کو دیکھا۔'' متی 4:18

یسوع سب کچھ محبت کے ساتھ دیکھتے ہیں۔ وہ روح القدس کی آواز سنتے ہیں۔ آج روح القدس یسوع کو یہ تجویز دیتا ہے کہ وہ ان دو ماہی گیر بھائیوں کو، جو اپنے کام میں مصروف ہیں، بلا کر اپنے پیچھے چلنے کا کہے۔ وہ یسوع کی اس پیشکش کو خوش دلی سے قبول کرتے ہیں، جو ان کی پوری زندگی کا محور بن جائے گی۔ یہ دونوں بھائی، اندریاس اور پطرس، آج بھی مشرق اور مغرب کی کلیسیاؤں کو بہنوں کی طرح رکھنے کا ذمہ لئے ہوئے ہیں۔

..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................